13757-خاوند کے ساتھ نماز باجماعت ادا کرنے کی صورت میں بیوی کیسے کھڑی ہوگی ؟

سوال

کچھ عرصہ قبل میری شادی ہوئی ہے ، میری گزارش ہے کہ آپ مجھے یہ بتائیں کہ اگر مسلمان اپنی بیوی کے ساتھ باجماعت نماز ادا کرے تو یہ کیسے ادا کرے ؟

پسندیدہ جواب

مرد کے لیے نماز میں بیوی کی امامت کروانا جائز ہے ، اس صورت میں عورت مرد کے پیچھے صف بنائے گی ، کیونکہ عورت کے لیے اس کے ساتھ صف بنانا جائز نہیں .

کیونہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انس رضی اللہ تعالی عنہ اور ایک یتیم بچے کو نماز پڑھائی تو ام سلیم رضی اللہ تعالی عنہا جو انس رضی اللہ تعالی عنہ کی والدہ تھیں کو ان دونوں کے پیچھے کھڑا کیا .

اس کی دلیل انس رضی اللہ تعالی عنہ کی درج ذیل حدیث ہے :

انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ :

"رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اور ان کی والدہ یا خالہ کو نماز پڑھائی ، انس رضی اللہ تعالی کہتے ہیں : مجھے اپنی دائیں طرف کھڑا کیا اور عورت کو ہمارے پیچھے کھڑا کیا"

صحیح مسلم المساجد و مواضع الصلاۃ حدیث نمبر (1056).

کاسانی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

اگر امام کے ساتھ عورت ہو تو وہ اسے اپنے پیچھے کھڑا کرے گا .

اور ابن رشد الحفید کہتے ہیں :

اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ اکیلی عورت امام کے پیچھے کھڑی ہوگی ، اور اگر ایک مرد کے ساتھ ہو مرد امام کے پہلو میں کھڑا ہو کر نماز ادا کرے گا اور عورت امام کے پیچھے .

دیکھیں : کتاب احکام الامامۃ والائتمام للمنیف (319-320).

واللہ اعلم .